**17.06.2024**

**13.50 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ................. عبدالماجد

**Music**

☆ شمالی بنگال میں Rangapani اسٹیشن پر ایک مال بردار ٹرین کے کنچن جنگا ایکسپریس سے ٹکرانے کے نتیجے میں تین اہلکاروں سمیت کم از کم 8 افراد ہلاک ہوگئے ہیں۔

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے حادثے پر دُکھ کا اظہار کیا ہے اور مہلوکین کے کنبوں کو دو - دو لاکھ روپے اور زخمیوں کو پچاس - پچاس ہزار روپے کی نقد امداد کا اعلان کیا ہے۔

☆ مرکزی وزیر داخلہ اور امدادِ باہمی کے وزیر امت شاہ منی پور میں سکیورٹی کی صورتحال کا جائزہ لینے کیلئے آج شام نئی دلّی میں ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ کی صدارت کریں گے۔

☆ آج نئی دلّی میں بھارت اور امریکہ کے درمیان اہم اور ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیوں پر اقدامات کی خاطر دوسری میٹنگ کا آغاز ہورہا ہے۔

☆ اور ملک کے مختلف حصوں میں آج ایثار و قربانی کا تہوار عیدالاضحیٰ منایا جارہا ہے۔

Music

اب خبریں تفصیل سے............

## Rev Train Collision

آج صبح مغربی بنگال میں نیوجلپائی گڑی اسٹیشن کے نزدیک سیالدہ جانے والی کنچن جنگا ایکسپریس کے ایک مال بردار ریل گاڑی کے پیچھے سے ٹکر مارنے کے بعد دو ڈبے پٹری سے اتر جانے کے نتیجے میں کم از کم 8 افراد ہلاک اور 50 زخمی ہوگئے۔ ریلوے کے ذرائع نے کہا ہے کہ مال بردار ریل گاڑی نے سگنل نہیں دیکھا اور کنچن جنگا ایکسپریس کے پچھلے حصے سے جا ٹکرائی ۔ NDRF کی ڈویژنل ٹیم اور 15 ایمبولینس جائے حادثہ پر پہنچ گئی ہیں۔ مختلف مقامات پر ہیلپ ڈیسک قائم کی گئی ہیں۔ x

## Rev Jaya Train Accident

ریلوے بورڈ کی چیئرمین اور CEO جیا ورما نے کہا ہے کہ آج صبح مغربی بنگال میں پیش آئے ٹرین حادثے کے مقام پر بچاؤ کارروائی مکمل ہوگئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اِس حادثے میں 8 مسافر ہلاک ہوئے ہیں ۔ انہوں نے

کہا کہ زخمیوں کو پاس کے نارتھ بنگال کالج میں داخل کرا دیا گیا ہے۔ محترمہ جَیا ورما نے کہا کہ اس حادثے میں تقریباً پچاس افراد زخمی ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اگرتلہ - سیالدہ روٹ پر سبھی ریلوے اسٹیشنوں پر ہیلپ ڈیسک قائم کی گئی ہیں۔ x

## Presidnet Train Accident

صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے مغربی بنگال میں المناک ٹرین حادثے پر دکھ کا اظہار کیا ہے۔ آج سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں صدرِ جمہوریہ نے کہا کہ دارجلنگ میں ٹرین حادثے کے سبب جانوں کا نقصان انتہائی تکلیف دہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ اُن کی دعائیں متاثرہ کنبوں کے ساتھ ہیں۔ صدرِ جمہوریہ نے زخمیوں کی جلد صحت یابی اور راحت اور بچاؤ کارروائیوں میں کامیابی کی دعا کی۔ x

## VP Train Accident

نائب صدر جگدیپ دھنکڑ نے مغربی بنگال کے دارجلنگ میں ٹرین حادثے پر رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ آج سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں نائب صدر نے کہا کہ ٹرین حادثے میں انسانی جانوں کے ضائع ہونے پر انہیں گہرا دکھ ہوا ہے۔ انہوں نے متاثرہ کنبوں سے دِلی تعزیت کا اظہار کیا اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کی دعا کی۔ x

## PM Train Accident

وزیر اعظم نریندر مودی نے مغربی بنگال میں ٹرین حادثے پر دُکھ کا اظہار کیا ہے۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں وزیر اعظم نے کہا کہ مغربی بنگال میں ٹرین حادثہ انتہائی افسوسناک ہے۔ انہوں نے اِس حادثے میں جان گنوانے والے افراد کے کنبوں سے دِلی تعزیت کا اظہار کیا اور زخمیوں کی جلد سے جلد صحت یابی کی دعاء کی۔ وزیر اعظم نے عہدیداران سے بات کی اور وہاں صورتحال کا جائزہ لیا۔

## Ashwini Train Accident

ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ متاثرین کو نقد امداد اضافے کے ساتھ دی جائے گی ۔ انہوں نے کہا کہ مہلوکین کے کنبوں کو دس - دس لاکھ روپے ، شدید طور پر زخمیوں کو ڈھائی لاکھ روپے اور معمولی طور پر زخمی ہوئے افراد کو پچاس - پچاس ہزار روپے کی نقد امداد دی جائے گی۔ x

## PM UP Bihar

وزیر اعظم نریندر مودی کل اترپردیش کے وارانسی میں پردھان منتری کسان سمّان نِدھی کے تحت 20 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ کی 17 ویں قسط جاری کریں گے۔ یہ قسط فائدے کی براہ راست منتقلی کے ذریعے 9 کروڑ 26 لاکھ کسانوں کیلئے جاری کی جائے گی۔ اب تک پی ایم کسان اسکیم کے تحت 11 کروڑ سے زیادہ اہل کسان کنبے تین

لاکھ کروڑ روپے سے زیادہ حاصل کرچکے ہیں۔ اس تقریب کے دوران وزیر اعظم اپنی مدد آپ گروپوں کی تیس ہزار سے زیادہ خواتین کو کرِشی سَکھی کے سرٹیفکیٹس بھی عطا کریں گے۔ وزیر اعظم نریندر مودی ، اِس ماہ کی 18 اور 19 تاریخ کو اترپردیش اور بہار کا دورہ کریں گے۔کل شام وزیر اعظم Dashashwamedh گھاٹ پر گنگا آرتی دیکھیں گے اور کاشی وِشو ناتھ مندر میں پوجا ارچنا اور درشن بھی کریں گے۔ 19 تاریخ کی صبح وزیر اعظم نالندہ کے باقیات کا دورہ کریں گے ۔ اِس کے بعد وہ بہار کے راجگیر میں نالندہ یونیورسٹی کے کیمپس کا افتتاح کریں گے۔ وزیر اعظم اِس موقع پر اجتماع سے بھی خطاب کریں گے۔ x

## Shah Manipur Meeting

وزیر داخلہ اور امدادِ باہمی کے وزیر امت شاہ منی پور میں سکیورٹی کی صورتحال پر آج سہ پہر چار بجے نئی دلّی میں ایک اعلیٰ سطح کی میٹنگ کی قیادت کریں گے۔ مرکز، ریاستی سرکاروں اور دیگر سکیورٹی فورسز کے اعلیٰ افسران اس میٹنگ میں شرکت کریں گے۔

## PM Yoga Video

21 جون کو یوگ ڈے بین الاقوامی دن کے دسویں ایڈیشن سے پہلے وزیر اعظم نریندر مودی نے آج بھدراسن کا ایک ویڈیو کلپ سوشل میڈیا پر جاری کیا ہے۔ ویڈیو پوسٹ کرتے ہوئے وزیر اعظم نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ بھدراسن جوڑوں کو مضبوط کرنے اور گھٹنوں کے درد کو کم کرنے کیلئے بہت فائدے مند ہے اور یہ معدے کیلئے بھی اچھا ہے۔ اِس ویڈیو کلپ میں صحت سے متعلق فائدوں کے ساتھ ساتھ اِس آسن کے کرنے کے طریقے انگریزی اور ہندی دونوں زبانوں میں بتائے گئے ہیں۔

## PIB Fact Chek Agnipath Scheme

حکومت نے WhatsApp پر چل رہے ایک پیغام کو فرضی قرار دیا ہے جس میں کہا گیا ہے کہ اگنی پتھ اسکیم کو سینک سمّان اسکیم کے نام سے پھر سے شروع کیا گیا ہے۔ اِس پیغام میں کہا گیا ہے کہ اِس اسکیم میں کئی تبدیلیاں کی گئی ہیں جیسے ملازمت کی مدت سات سال تک بڑھا دی گئی ہے۔ 60 فیصد لوگوں کو مستقل ملازمت دی جائے گی اور آمدنی میں بھی اضافہ کیا جائے گا۔ پریس انفارمیشن بیورو نے واضح کیا ہے کہ اِس طرح کا کوئی فیصلہ سرکار نے نہیں کیا ہے۔

## BJP Water Crisis Protest

دلّی میں پانی کے بحران کے تناظر میں BJP نے آج قومی راجدھانی کے مختلف علاقوں میں عام آدمی پارٹی کی قیادت والی دلّی سرکار کے خلاف مظاہرے کئے۔ دلّی کے لوک سبھا MP اور کئی BJP لیڈروں نے خالی مٹکوں اور تختیاں اُٹھا کر ریاستی سرکار کے خلاف مظاہرہ کیا۔ گیتا کالونی میں میڈیا سے خطاب کرتے ہوئے دلّی BJP کے صدر

وریندر سچدیوا نے الزام لگایا کہ دلّی سرکار پانی کی چوری اور کالا بازاری کو روکنے میں ناکام رہی ہے۔ اُدھر عام آدمی پارٹی نے BJP کے الزامات کو مسترد کردیا اور پانی کے بحران کو مزید خراب کرنے کیلئے BJP کو موردِ الزام ٹھہرایا۔ عام آدمی پارٹی کے سینئر لیڈر اور راجیہ سبھا کے MP سنجے سنگھ نے دعویٰ کیا کہ BJP قومی راجدھانی میں پانی کی سپلائی روکنے کی کوشش کر رہی ہے۔

## India US ICET

بھارت اور امریکہ کے درمیان اہم اور ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز iCET سے متعلق پیشرفت کے بارے میں دوسری سالانہ میٹنگ آج نئی دلی میں شروع ہوگی۔ اس دو روزہ میٹنگ کے دوران قومی سلامتی کے مشیر اجیت ڈوبھال اور اُن کے امریکی ہم منصب Jake Sullivan، پورے بھارت-امریکہ دفاعی تعلقات کے منظر نامے کا جائزہ لیں گے۔

ذرائع نے بتایا کہ iCET میٹنگ میں اصل توجہ اُن سبھی پروجیکٹوں کا جامع طور پر جائزہ لینے پر رہے گی، جن کے بارے میں 31 جنوری 2023 کو واشنگٹن میٹنگ میں تبادلہ خیال کیا گیا تھا۔ ان موضوعات میں، Tejas Mark دوئم جنگجو طیاروں کیلئے GE-414 جیٹ انجن سے متعلق ٹیکنالوجی کی منتقلی بھی شامل ہے۔

امید ہے کہ جناب ڈوبھال اور جناب Sullivan، دوطرفہ دفاعی صنعتی تعاون سے متعلق ایک خاکے پر بھی بات چیت کریں گے۔اس خاکے کا مقصد جیٹ انجنوں، دشمن کو ڈھونڈ کر اُس پر وار کرنے والے ہتھیاروں اور دیگر اہم ہتھیاروں کی تیاری کے مشترکہ کام میں تیزی لانا ہے۔

امید ہے کہ بھارت اور امریکہ، بھارت میں، سیمی کنڈکٹر کی، حالات سے مطابقت رکھنے والی سپلائی چین بنانے کیلئے مشترکہ پروجیکٹوں کی گنجائش تلاش کریں۔ امید ہے کہ خلا کے شعبے میں تعاون، کوانٹم کمپیوٹنگ اور اگلے دور کے ٹیلی مواصلات پر بھی تبادلہ خیال کیاجائے گا۔جناب Sullivan، ڈپٹی سکریٹری آف اسٹیٹ Kurt Campbell اور دیگر سرکردہ افسران کے ساتھ، وزیراعظم نریندرمودی اور وزیرخارجہ ایس جے شنکر سے بھی ملاقات کریں گے۔x

## Jaishankar Sullivan

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے امریکہ کے قومی سلامتی کے مشیر Jake Sullivan سے نئی دلّی میں ملاقات کی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ باہمی، علاقائی اور عالمی معاملات پر دونوں لیڈروں کے درمیان ایک جامع تبادلہ خیال ہوا۔ وزیر موصوف نے اس بات پر اعتماد کا اظہار کیا کہ بھارت اور امریکہ کے درمیان اسٹریٹیجک ساجھے داری مضبوطی کے ساتھ آگے بڑھے گی۔

## IMD Weather

بھارتی موسمیات محکمہ IMD نے مسلسل شدید گرمی کی وجہ سے پنجاب، ہریانہ، اترپردیش، بہار اور مغربی بنگال میں ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔ محکمہ موسمیات کا کہنا ہے کہ اترپردیش، پنجاب، بہار، جھارکھنڈ، اتراکھنڈ، مدھیہ پردیش، چھتیس گڑھ اور مغربی بنگال میں آج اور ہریانہ، چنڈی گڑھ، دلّی، جموں، ہماچل پردیش اور راجستھان میں کل تک

شدید سے شدید گرمی کے حالات رہیں گے۔ مزید یہ کہ ملک کے بقیہ حصوں میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت میں تبدیلی کا کوئی امکان نہیں ہے۔x

## Day Sikkim Evacuatoin

سیلاب سے متاثرہ سکم کے Mangan ضلع کے Chungthang میں پھنسے ہوئے سیاحوں کو بحفاظت نکالنے کی کارروائی آج صبح شروع ہوئی۔ Mangan کے ضلع کلکٹر ہیم کمار چھیتری نے آکاشوانی نیوز کو بتایا کہ یہاں پھنسے ہوئے سیاحوں کو متاثرہ علاقوں سے سڑک کے راستے ریاستی راجدھانی گینگٹوک لے جایا جارہا ہے۔ البتہ ، موسم کی خراب صورتحال کی وجہ سے سیاحوں کو ہیلی کاپٹر کے ذریعے نکالنا ممکن نہیں ہوپایا۔

قابلِ ذکر ہے کہ پچھلے دو روز سے 15 غیرملکی سیاحوں سمیت تقریباً دو ہزار سیاحوں کو بحفاظت نکالنے کی کوششیں کی جارہی تھیں۔

اِن سیاحوں کو ہیلی کاپٹر اور سڑک کے راستے Mangan ضلع کے Lachung اور Chungthang سے نکالنا تھا لیکن خراب موسم اور چٹانوں کے ٹکڑے گرنے کے سبب سڑکوں پر رکاوٹوں کی وجہ سے یہ اتوار تک ممکن نہیں ہوپایا۔ اِس دوران Mangan ضلع میں شدید طور پر متاثرہ افراد کیلئے بچاؤ، راحت اور بازآبادکاری کی کارروائیاں بڑے پیمانے پر جاری ہیں۔ موسلادھار بارش اور چٹانوں کے ٹکڑے گرنے سے ریاست میں اب تک 9 افراد ہلاک ہوئے ہیں۔ x

## MIFF

ڈاکیومینٹری، شارٹ فکشن اور اینی میشن فلموں کا اٹھارھواں ممبئ انٹرنیشنل فلم فیسٹیول ممبئ میں جاری ہے۔ آج تیسرے دن مائی فادر، We Should All Be Futurists، لائف اِن لوم، پکار، شانتی، انسائڈ آؤٹ ٹو، پیٹرنس فلمیں دکھائی جائیں گی۔آج صبح Unlocking the Force: Channeling Documentary films to drive social Change کے موضوع پر ایک پینل تبادلہ خیال کا انعقاد کیا گیا۔ اس پینل میں بھارتی ڈائریکٹر ڈاکٹر Talakadu Shrinivasaiah Nagabharna اور NFDC کے جنرل مینیجر ڈیRamkrishnah نے شرکت کی۔

## EID-Ul-Azha

آج ملک کے مختلف حصوں میں ایثار و قربانی کا تہوار عیدالاضحیٰ مذہبی عقیدت اور جوش و خروش کے ساتھ منایا جارہا ہے ۔ آج صبح فرزندانِ توحید نے عید گاہوں اور مساجد میں نمازِ عید ادا کی۔

قومی راجدھانی دلّی میں جامع مسجد ، فتح پوری مسجد اور شاہی عیدگاہ میں کثیر تعداد میں نمازیوں نے عید کی نماز ادا کی۔اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ، مختلف مساجد کے اماموں نے لوگوں سے امن و ہم آہنگی برقرار رکھنے اور اِس تہوار کو بھائی چارے کے جذبے کے ساتھ منانے کی اپیل کی۔ عیدالاضحیٰ ، حضرت ابراہیم علیہ السلام کی جانب سے

اپنے اکلوتے بیٹے کو حکمِ خداوندی کی خاطر قربان کرنے پر راضی ہوجانے کی یاد میں منائی جاتی ہے۔
صدرجمہوریہ دروپدی مرمو اور نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ اور وزیراعظم نریندر مودی نے عیدالاضحیٰ کے موقع پر ملک کے عوام کو مبارکباد دی ہے۔
صدرجمہوریہ نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ عیدالاضحیٰ کا مقدس تہوار تزکیہ نفس اور قربانی کی علامت ہے، جس سے سب کے ساتھ ، خاص طور سے ضرورتمندوں کے ساتھ اپنی خوشیاں بانٹنے کا پیغام ملتا ہے۔
نائب صدرجمہوریہ نے عوام سے زور دے کر کہا ہے کہ وہ اتحاد، نرم دلی اور یکجہتی کے اقدار کا مظاہرہ کریں، جن سے نہ صرف اس تہوار کی اہمیت ظاہر ہوتی ہے بلکہ وسیع طور پر سماج کی اہمیت بھی اجاگر ہوتی ہے۔
وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا کہ عید الاضحیٰ کا یہ خاص موقع معاشرے میں ہم آہنگی اور اتحاد کے رشتوں کو مزید مضبوط کرے گا۔ انہوں نے سبھی کیلئے خوشحالی اور اچھی صحت کی دعاء کی۔ ×

## T20 World Cup Cricket

کرکٹ کے ٹی-ٹوینٹی عالمی کپ میں سری لنکا نے نیدرلینڈ کو 83 رن سے شکست دے کر گروپ ڈی میں اپنی پہلی جیت حاصل کی۔ یہ میچ آج صبح St Lucia کے Daren Sammy نیشنل کرکٹ اسٹیڈیم میں کھیلا گیا۔ 201 رن کے نشانے کو حاصل کرتے ہوئے نیدرلینڈ کی ٹیم 16 اوور اور چار گیندوں میں 118 رن پر آؤٹ ہوگئی۔ سری لنکا کیلئے Charith Asalanka نے 21 گیندوں میں 46 رن بنائے جبکہ کُشل مینڈس نے 29 گیندوں میں 46 رن بنائے۔ Charith Asalanka کو پلییئر آف دی میچ قرار دیا گیا۔ اس سے قبل نیدرلینڈس نے ٹاس جیتا اور گیندبازی کرنے کا فیصلہ کیا۔ ایک دیگر میچ میں St. Vincent کے Arnos Vale Ground میں کھیلے گئے میچ میں بنگلہ دیش نے آسانی کے ساتھ نیپال کو 21 رن سے شکست دی۔پہلے بلے بازی کرتے ہوئے بنگلہ دیش نے 19 اوورس اور تین گیندوں میں 106 رن بنائے۔ اور نیپال کی پوری ٹیم 19 اوورس اور دو گیندوں میں 85 رن پر آؤٹ ہوگئی۔مردوں کے ٹی-ٹوینٹی عالمی کپ میں دوسری اننگز میں کسی ٹیم کی طرف سے بنایا گیا یہ سب سے کم اسکور ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆